




# باہمی اشتراک
# سے
# مالی مسائل کا حل





بلاسودی مائکروفائنانس





JANSEVA

Making Money Moral

جنسیوا کواپریٹیو کریڈٹ سوسائٹی لمیٹڈ

**JANSEVA CO-OPERATIVE CREDIT SOCIETY LTD.**

(Regd. No. MSCS/CR/335/2010.)















## جنسیوا کیا ہے؟

حکومت ہند، وزارت زراعت وامداد باہمی کے تحت رجسٹرڈ "جنسیوا" **Janseva** ایک مالیاتی ادارہ ہے۔ اس ادارے کو ملک کی بارہ ریاستوں میں کام کرنے کی اجازت حاصل ہے۔ یہ ریاستیں مہاراشٹرا، ایم پی، چھتیس گڈھ، کرناٹک، اے پی، تمل ناڈو، اڑیسہ، مغربی بنگال، بہار، یوپی، دہلی، اورراجستھان ہیں۔

## جنسیوا کیوں؟

ملک میں موجود بنک و دیگر مالی اداروں کی موجودگی کے باوجود مختلف وجوہات کی بنا پر عوام کی اکثریت نہ ہی ان سے مالی ربطہ وتعلق پیدا کر پاتی ہے اور نہ ہی قرضے اور سرمایہ حاصل کرنے میں کامیاب ہو پاتی ہے، خصوصاً کم تعلیم یافتہ اور غریب طبقہ جو ملک کی نصف آبادی پر مشتمل ہے۔ نتیجتاً یہ طبقہ اپنی مالی ضرورتوں کی تکمیل کے لئے مہاجنی مالی نظام سے رجوع کرتا ہے جہاں وہ سودی جال میں اس طرح گھر جاتا ہے کہ تازندگی اس مصیبت سے چھٹکارا حاصل نہیں کر پاتا۔ اس بوجھ سے نجات نہ پانے کی صورت میں اکثر لوگ بندھوا مزدور بن جاتے ہیں یا خودکشی کر لیتے ہیں اور اس طرح اپنے ورثاء کو مزید محرومی و مجبوری کے دلدل میں ڈال دیتے ہیں۔ یاد رکھنے کی بات یہ ہے کہ معاشی ترقی کے لئے فنی صلاحیتوں کے ساتھ سرمایہ کی ضرورت ہوتی ہے۔ منصفانہ تقسیم دولت کے لئے سرمایہ کو سود کی لعنت سے پاک ہونا بھی ضروری ہے۔

''جنسیوا'' **Jansev a** اسی مقصد کو حاصل کرنے کے لئے قائم کی گئی ہے۔ یہ ادارہ اپنی مدد آپ کے اُصول پر کام کریگا۔

## اغراض و مقاصد

۱۔ ممبران کے اندر بچت کی عادت ڈالنا اور اُن کی بچتوں کی حفاظت کرنا۔

۲۔ ممبران کی مالی ضرورتوں کو بلاسودی اور آسان شرطوں پر پورا کرنے میں مدد دینا۔

۳۔ ممبران کے فنڈ کو جائز اور حلال آمدنی کے حصول کیلئے مختلف کاروبار میں لگانا۔


۴۔ ممبران کے گھر اور تجارت کیلئے ضروری سامان رمشنری کی خرید میں مدد کرنا۔

۵۔ دیگر مالیاتی خدمات مثلاً ترسیل رقم، تجارت میں سرمایہ کاری، مجوزہ تجارتی منصوبوں کو بروئے کار لانے، ہیلتھ سروس کم خرچ میں حاصل کرنے میں ممبران کی مدد کرنا۔

۶۔ سوسائٹی کے ضوابط وملکی قوانین کے دائرہ میں رہ کر ہر وہ کام کرنا جس سے ممبران کی مجموعی ترقی ممکن ہو سکے۔





## منصوبہ

۱۔ غیر سودی بنیاد پر بچت، قرض و سرمایہ کاری کی سہولت کے لئے مختلف شہروں، قصبات و دیہی علاقوں میں سوسائٹی کی شاخیں قائم کرنا۔

۲۔ کم تعلیم یافتہ وغریب طبقات کے مرد وخواتین کو باروزگار نیز مجموعی ترقی کیلئے SHG بنانا۔ یہ خواتین کیلئے خصوصی اسکیم ہے۔

۳۔ ممبران کو گھریلو وتجارتی ساز وسامان کی فراہمی نیز حکومت کی جانب سے جاری فلاحی اسکیموں کی اطلاعات اور اُن کے حصول میں مدد کے لئے مختلف مقامات پر جنسیوا / Service / Support کے مراکز قائم کرنا۔

۴۔ ممبران کی تجارت، صنعت وحرفت کو فروغ دینے کے لئے شعبۂ رہنمائی تجارت (Business Advisory Cell) اور مارکٹنگ شعبہ کا قیام عمل میں لانا۔

۵۔ ممبران کی تعلیمی، معاشی، سماجی ومجموعی طاقت میں اضافہ کے لئے تعلیم، تحقیق اور تربیت کے مراکز کا قیام اور اس کے ذریعہ مختلف اسکیموں کا اجراء۔

## آپ کی شمولیت

اس غیر سودی مالی ادارہ میں آپ کی شمولیت ممبر بن کر اور بچت کھاتہ کھول کر رقم جمع کرنا وقت کی اہم ترین ضرورت ہے۔ اس کی مختلف وجوہات ہوسکتی ہیں۔ مثلاً

۱۔ آپ کی شمولیت ایک ایسے مالی نظام کو فروغ دیگا جو مبنی بر انصاف ہوگا۔ اس سے مال کے مالک، ضرورتمند اور رقم کو استعمال کرنے والے کو یکساں فائدہ ہوگا۔

۲۔ اپنی مدد آپ کی بنیاد پر آپ اپنے اور معاشرہ کے دیگر افراد کی مالی ضرورتوں کو پورا کرسکتے ہیں اور خطیر/کثیر بچتوں کی سرمایہ کاری سے آپ نفع کما سکتے ہیں۔

۳۔ سوسائٹی کے ذریعہ قائم مراکز سے اپنے خاندان و رفقاء کے تعلیمی، طبّی، رہائشی، انشورنس وغیرہ کی سہولیات حاصل کرسکتے ہیں۔


۴۔ اپنے زکوۃ وصدقات اور فاضل رقم کو اس طرح استعمال کرسکتے ہیں کہ غربت و بے روزگاری، جو ہم سب کی دشمن ہے، کا خاتمہ ہوسکے۔

۵۔ National Mission for Financil Inclusion غریب طبقات کے لئے مالی شمولیت کی قومی اسکیم میں بھرپور حصّہ لے سکتے ہیں۔









# آپ بھی جنسیوا کے ممبر بن سکتے ہیں

ہر وہ ہندوستانی شہری جو مذکورہ ۱۲ ریاستوں کا باشندہ ہو، مندرجہ ذیل نوعیت کی ممبرشپ حاصل کر سکتا ہے۔

| | |
|---|---|
| کم از کم ۵۰۰۰ شیرس<br>ایک سو روپیہ فی شیر | **ڈائمنڈ کلب ممبرشپ** |
| یا — کم از کم ۱۰۰۰ شیرس<br>ایک سو روپیہ فی شیر | **گولڈ کلب ممبرشپ** |
| یا — کم از کم ۱۰۰ شیرس<br>ایک سو روپیہ فی شیر | **سلور کلب ممبرشپ** |

کلب ممبروں کو سوسائٹی کے انتظام و انصرام میں فوقیت حاصل ہوگی۔

| | |
|---|---|
| یا — کم از کم ۱۰ شیرس<br>ایک سو روپیہ فی شیر | **جنرل ممبرشپ** |

مندرجہ بالا نوعیت کے ممبران کو رائے دہندگی کا حق حاصل ہوگا۔

| | |
|---|---|
| یا — بغیر شیر لیکن کم از کم ۲۵۰ روپیہ<br>ماہانہ بچت کھاتے میں جمع کریں۔ | **اسوسیٹ ممبر** |

**اور** ممبر کیلئے ضروری ہیکہ کم از کم شیرس کے علاوہ 10 روپیہ ایڈمیشن فیس اور شیر کیپٹل کی 10% رقم بطور Contribution for permotional Fund(CPF) کے ادا کریں۔ اس کے علاوہ ہر ممبر کے لئے ایک بچت کھاتہ جسمیں کم از کم ماہانہ ۲۵۰ روپیہ جمع کرانا ہوگا۔

## مقامی ذمہ داران

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 1. | Dr. Rahmatullah | Chairman | 09820255784 | Mumbai |
| 2. | Mr. S. Hasan Akbar | Vice Chairman | 09839829797 | Lucknow |
| 3. | Mr. H. B. Nawab | Secretary | 09028845786 | Pune |
| 4. | Mr. Abbas Ansari | Incharge | 09890669745 | Aurangabad |
| 5. | Dr. Vasiuddin Shaikh | Incharge | 09890156853 | Nasik |
| 6. | Mr. Najmul Hasan | Incharge | 09326750904 | Parbhani |
| 7. | Mr. Shafiq Hashmi | Incharge | 09422591834 | Beed |
| 8. | Mr. Nazimuddin Farooqui | Incharge | 09246248205 | Hyderabad |
| 9. | Dr. Javeed Zulqarnain | Incharge | 09709324557 | Darbhanga |
| 10. | Mr. M. Z. Siddiqi | Incharge | 09039946116 | Chattisgarh |
| 11. | Dr. M. I. Bagseraj | Incharge | 09845144470 | Belgam |
| 12. | Mr. M. Khalid | Incharge | 09893008919 | Bhopal |
| 13. | Dr. Nizamuddin | Incharge | 09826901123 | Indore |
| 14. | Mr. Shanawaz | Incharge | 09937264682 | Cuttak |
| 15. | Mr. S. Ahmed Meeran | Incharge | 09884230575 | Chennai |
| 16. | Mr. Syed Khalid Ahmed | Incharge | 09444074272 | Chennai |
| 17. | Mr. Atheequr Rehman | Incharge | 09890669745 | Vaniyambadi |
| 18. | Dr. M. Z. Kirmani | Incharge | 09358252805 | Aligarh |
| 19. | Mr. Shah Alam | Incharge | 09830082725 | Kolkatta |


**CENTRAL ADMINISTRATIVE OFFICE :**

AICMEU, 1st Floor, Vazir Bldg.,
179, I.R. Road, Mumbai - 3. INDIA.
Tel : 022 2347 8329, 022 2347 6497,
Fax : 022 2347 8884
Email : jansevasociety@gmail.com
Website : www.janseva.in


مزید تفصیلات کے لئے ملئے یا لکھئے۔

**Local Branch Address**